ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

شہریوں کو ہراساں کر کے رقم بٹورنے والے دو پولیس اہلکار گرفتار۔ مقدمہ درج

کراچی 05 ستمبر 2019ء:۔

شہید ملت روڈ نیو ٹاؤن کے قریب ناکہ لگا کر شہریوں کو ہراساں کر کے رشوت وصول کرنیوالے پولیس اہلکاروں کی میڈیا فوٹیج پر ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن نے دونوں پولیس اہلکاروں کو باقاعدہ گرفتار کرواتے ہوئے انکے خلاف مقدمہ کا اندراج بھی کر دیا گیا ہے۔ تھانہ بہادر آباد میں دونوں پولیس اہلکاروں کیخلاف رشوت وصولی اور بھتہ خوری کے تحت مقدمہ درج کیا جارہا ہے۔

ایڈیشنل آئی جی کراچی نے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ کسی بھی علاقے میں موٹر سائیکل، موبائل سوار یا پیدل گشت اور پکٹنگ وغیرہ میں مصروف افسران اور جوانوں کو اختیارات سے تجاوز یا ہراساں کر کے رشوت وصولی میں ملوث پائیں تو فوری طور پر میرے واٹس ایپ نمبر 03435142770 پر اطلاع دیں۔

انہوں نے کراچی پولیس کے افسران اور جوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے خبردار کیا کہ فرائض سے غفلت لاپرواہی یا کوتاہی اختیارات سے تجاوز ناقابلِ برداشت ہے بصورت دیگر مرتکبین کیخلاف نا صرف محکمانہ بلکہ قانونی کاروائی کو بھی یقینی بنایا جائیگا۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی05ستمبر 2019ء:۔

شکارپور کے علاقہ میں میٹرک کی طالبہ کے مبینہ اغواء کا معاملہ۔آئی جی سندھ نے ایس ایس پی شکارپور سے تفصیلات طلب کرلیں۔واقعہ کی تفتیش و تحقیقی عمل کو مؤثر بناتے ہوئے متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے۔ ڈاکٹر سید کلیم امام

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔021-99212639

محکمہ پولیس سندھ کے 147 سینئر کلرکس کو اسسٹنٹ کے عہدے پر ترقی دیدی گئی۔

(اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ سندھ عمران قریشی)

کراچی 05 ستمبر 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی رہنما ہدایات کی روشنی میں ڈپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی نے تمام ترضروری محکمانہ امور کی تکمیل کے بعد 147 سینئر کلرکس کی گریڈ 14 سے گریڈ 16 اسسٹنٹ کے عہدے پر ترقی کا باقاعدہ اعلامیہ اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ نے جاری کردیا ہے۔سینٹرل پولیس آفس کراچی سے جاری اعلامیئے کے مطابق اسسٹنٹ گریڈ 16 کے عہدوں پر ترقی پانیوالے محکمہ سندھ پولیس کی مختلف رینج،پولیس ٹریننگ سینٹرز و دیگر یونٹس سے وابستہ ہیں جو گزشتہ دو دہائیوں سے محکمانہ ترقی کے انتظار میں سینئر کلرکس کے عہدوں پر کام کر رہے تھے۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ترقی پانیوالے تمام اسسٹنٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے اُمید ظاہر کی کہ آپ تمام اپنے عہدے کے حلف کی پاسداری کرتے ہوئے محکمہ پولیس سندھ کے جملہ انتظامی و دیگر اُمور کو انتہائی لگن اور دل جمعی کے ساتھ انجام دینے میں اپنے انفرادی اور اجتماعی کردار کو مزید مؤثر اور مربوط بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس کے جملہ امور میں شفافیت اور غیر جانبداری کو متعارف کرانا اور اس حوالے سے اُٹھائے گئے اقدامات کو یقینی بنانا اور جاری ہدایات پر عمل داری میرا مقصد ہے۔جس سے بلاشبہ محکمہ پولیس کے ایگزیکٹیو اسٹاف اور منسٹرل اسٹاف کا نا صرف حوصلہ بلند ہوگا بلکہ انکے روزمرہ کے محکمانہ امور و کارکردگی کو بھی مزید تقویت ملیگی۔

آئی جی سندھ نے گذشتہ بیس سالوں سے ترقی کے منتظر سینئر کلرکس کی اگلے عہدوں پر ترقی کے حوالے سے ایڈیشنل آئی جی ای اینڈ ٹی آفتاب پٹھان، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ سندھ خادم حسین رند اور اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ سندھ عمران قریشی کی تمام تر سنجیدہ کاوشوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے۔

۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛